بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، سرگودھا

پریس نوٹ نمبر: 72

مورخہ: 24-1-2022

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے مراسلہ نمبر 11-SY/PBCC/LHR مورخہ 20-01-2022 کے مطابق بورڈ ہذا کے زیرِ اہتمام امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (نہم ودہم) سالانہ امتحان 2022ء کا آغاز مورخہ 10-05-2022 بروز منگل سے ہوگا۔ جس کے لیے آن لائن داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی مع جمع شدہ فیس بذریعہ On-Line بینک چالان دفتر ہذا واقع 49 ٹیل سرگودھا میں وصول ہونے کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

نمبرشمار	شیڈول			
1۔	بغیر لیٹ فیس داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	01-02-2022	تا	28-02-2022
2۔	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	01-03-2022	تا	14-03-2022
3۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وفیس وصول کرنے کی تواریخ	15-03-2022	تا	22-03-2022
4۔	تین گنا فیس + -/500 روپے یومیہ	23-03-2022	تا	29-03-2022

واضح کیا جاتا ہے کہ مورخہ 29-03-2022 کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

شرح امتحانی فیس سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان

کیٹگری/ گروپ	پارٹ-I (جماعت نویں)		پارٹ-II (جماعت دسویں)		کمبائنڈ (پارٹ I + پارٹ II)	
	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ
1۔ آرٹس گروپ اگر عملی امتحان نہیں)+ ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	-/1275 روپے	-/1325 روپے	-/1275 روپے	-/1325 روپے	-/1875 روپے	-/1975 روپے
2۔ سائنس گروپ یا دیگر گروپ (جن میں عملی امتحان ہو)+ ڈویلپمنٹ فنڈ + سکالرشپ فیس وغیرہ	-/1325 روپے	-/1375 روپے	-/1325 روپے	-/1375 روپے	-/1975 روپے	-/2075 روپے

نوٹ: i) پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے پرائیوٹ امیدواران کو مبلغ -/1675 روپے رجسٹریشن بھی جمع کروانا ہوگی۔

ii) علاوہ ازیں جماعت دہم/ کمپوزٹ میں پہلی مرتبہ شمولیت کی صورت میں اور مارکس امپروومیں شرکت کرنے والے امیدواران کو مبلغ -/700 روپے سند فیس بھی جمع کروانا ہوگی۔

اہم قواعد

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان (اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/ طالبات کا داخلہ بغیر امتحانی فیس) بمطابق شیڈول برائے جماعت نہم دہم/ کمبائنڈ داخلہ مورخہ 28-02-2022 تک جمع کرواسکیں گے۔ تاہم جملہ اداروں کو فی طالب علم مبلغ -/200 روپے ڈویلپمنٹ فنڈ + مبلغ -/395 روپے پروسیسنگ فیس + مبلغ -/80 روپے سکالرشپ فیس۔ کل مبلغ -/675 روپے جمع کروانا ہوگی۔ بعد ازاں انہیں شیڈول کے مطابق دیگر امیدواران کی طرح مقررہ شرح فیس ادا کرنا ہوگی۔ **نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدوارن جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم ودہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس شیڈول کے مطابق ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کرنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی رجسٹریشن اور داخلہ فیس بورڈ کو ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔**

2۔ پرائیویٹ اداروں کے طلباء/ طالبات دہم/ کمبائنڈ (آرٹس/ سائنس) کے مقررہ شیڈول کے مطابق فیس ادا کریں گے اور نہم دہم کا داخلہ فارم حسب ضابطہ بورڈ کو بمطابق شیڈول ارسال کرنے کے پابند ہوں گے۔

3۔ داخلہ فارم مع داخلہ فیس مقررہ تاریخ تک بورڈ/ دفتر ہذا میں موصول ہونا لازمی ہے۔

4۔ داخلہ فیس بورڈ کی منظور شدہ یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ کی برانچوں میں On-Line بینک چالان پر جمع کروانا ہوگی۔ مینول بینک چالان پر جمع کرائی گئی فیس ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔

5۔ بورڈ کے پاس دہم کے طلباء وطالبات کے مکمل کوائف جبکہ نہم کے طلباء/ طالبات کے رجسٹریشن کوائف پہلے سے موجود ہیں۔ تاہم سربراہان ادارہ جات کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس امر کی تصدیق کر لیں کہ جن امیدواران کا وہ داخلہ ارسال کر رہے ہیں ان کے ارسال کردہ کوائف بمطابق ریکارڈ ادارہ درست ہیں کسی تفاوت کی صورت میں فوری طور پر دفتر سے رابطہ کر کے کوائف درست کروانا ادارہ کی ذمہ داری ہے۔ بصورت دیگر کوائف کی درستگی نہ ہوگی۔ تاہم سرکاری و پرائیوٹ سکولوں کی انتظامیہ اپنے ریگولر طلباء/ طالبات کا داخلہ ارسال کرنے کے لئے تفصیلی معلومات (بورڈ ویب سائیٹ www.bisesargodha.edu.pk) سے حاصل کر کے مطلوبہ کوائف مقررہ تاریخ تک بورڈ آفس میں جمع کروائیں گے۔

6۔ پرائیویٹ امتحان دینے والے امیدواران اپنا داخلہ فارم اور فیس چالان مقررہ تاریخ تک بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ پر تفصیلی کوائف FEED کرنے کے بعد Download کر کے دفتر ہذا کو ارسال کریں گے۔

7۔ پرائیویٹ داخلہ فارم رجسٹری کی صورت میں صرف ایک لفافہ میں ایک ہی داخلہ فارم قابل قبول ہوگا۔ ایک لفافہ میں ایک فارم سے زائد فارم ارسال کرنے کی صورت میں داخلہ مسترد تصور ہوگا۔

8۔ ایسے امیدواران جو جماعت نہم میں شامل امتحان ہو کر فیل ہوئے۔ اور جماعت دہم کے لئے داخلہ فارم نہیں بھجوایا وہ دوبارہ جماعت نہم کا داخلہ فارم بھجوانے کے اہل ہیں تاہم کلاس نہم میں پاس ہونے والے اور جماعت دہم کا داخلہ فارم دو سال تک نہ بھجوانے والے امیدواران بھی دوبارہ جماعت دہم کا داخلہ فارم بھجوانے کے اہل ہونگے۔

9۔ پرائیوٹ امیدواران اپنی رہائش گاہ کا ڈاک کا پتہ تحریر کریں کسی کی معرفت، دوکان، اکیڈمی، پرائیوٹ ادارہ وغیرہ کا پتہ قابل قبول نہ ہوگا۔

10۔ پرائیویٹ امیدواران/ سربراہان ادارہ جات کے لیے ضروری ہے کہ وہ داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی (تصدیق شدہ) بمعہ اصل بنک ڈیپازٹ سلپ/ فیس چالان مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی ارسال کریں۔ تصدیق شدہ ہارڈ کاپی داخلہ فارم اور بنک ڈیپازٹ سلپ/ فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آن لائن داخلہ منسوخ تصور ہوگا نیز مینول داخلہ فارم ہرگز قبول نہ ہوگا۔

11۔ ادارہ سربراہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے سکیم آف سٹڈیز سے ہٹ کر مضمون رکھے ہوئے ہیں ان امیدواران کو امتحان میں شرکت کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ قبل ازیں لیٹر نمبر G-7-840 مورخہ 13-04-23 کے تحت آگاہ کر دیا گیا تھا۔

12۔ تین گنا فیس + 500 روپے جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے طلباء کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر پر ہوگا۔ اور طالبات کا امتحانی مرکز تحصیل ہیڈ کوارٹر ہوگا۔

ضروری ہدایات

1۔ کسی ایک مضمون (پارٹ-I,II) میں شرکت کی صورت میں متعلقہ گروپ کی پوری فیس واجب الادا ہوگی۔

2۔ حکومت کی طرف سے شرح فیس میں اضافہ کی صورت میں متعلقہ اداروں/ امیدواران کو بقایا جات جمع کروانا ہوں گے۔

3۔ نامکمل و قطع برید والے فارم بھیجنے کی صورت میں رول نمبر قطعاً جاری نہیں کیا جائے گا۔ داخلہ فیس بورڈ میں داخلہ فارم وصول کرنے کی تاریخ کے مطابق واجب الادا ہوگی۔ بصورت دیگر فارم مسترد کر دیا جائے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ/ امیدوار پر عائد ہوگی۔

4۔ دستی داخلہ فارم بورڈ کے انکوائری آفس واقع بورڈ کیمپس میں جمع کروائے جائیں اور باقاعدہ رسید حاصل کی جائے وگرنہ دفتر ذمہ دار نہ ہوگا۔

5۔ بورڈ ہذا میں شیڈول کے مطابق داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی وصول نہ ہونے کی صورت میں رول نمبر سلپ جاری نہ ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری ریگولر ہونے کی صورت میں ادارہ سربراہ اور پرائیویٹ کی صورت میں متعلقہ امیدوار پر ہوگی۔

دستخط/-

سیکرٹری

نمبر: 1292/ ایم مورخہ: 29-1-2022

نقل برائے اطلاع:۔

(1) چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) بھکر، خوشاب، میانوالی، سرگودھا۔
(2) سرگودھا بورڈ کی حدود میں واقع جملہ تسلیم شدہ ہائی سکولوں/ ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان۔
(3) جملہ سیکرٹریز تعلیمی بورڈز پنجاب (بشمول میرپور آزاد جموں وکشمیر)۔
(4) ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، سرگودھا برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات۔
(5) صدر، پریس کلب، بھکر، خوشاب، میانوالی، سرگودھا (10 کاپیاں) برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات۔
(6) صدر، ایڈیٹرز کونسل، سرگودھا (10 کاپیاں) برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات۔
(7) ڈائریکٹر نیوز، ریڈیو پاکستان، سرگودھا، میانوالی (اس درخواست کے ساتھ کہ اسے بطور نیوز آئیٹم نشر کیا جائے)
(8) جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا۔ (9) پی اے ٹو سیکرٹری
(10) امتحانی برانچ میٹرک (11) جملہ سپرنٹنڈنٹس بورڈ ہذا (12) ویب سائیٹ مینجر۔
(13) مینجر، یو بی ایل، بورڈ کیمپس، سرگودھا (60 کاپیاں برائے ترسیل دیگر برانچز) اس التماس کے ساتھ کہ پریس نوٹ کو طلباء/ طالبات کی سہولت کے لیے نمایاں جگہ پر چسپاں کریں تا کہ امیدواران کو پوری فیس جمع کروانے میں آسانی ہو نیز شیڈول کے مطابق فیس پوری وصول کی جائے۔

29/1/22

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)
برائے سیکرٹری
29/1/2022